نقد و نظر

اسلامی حدود اور ان کا فلسفہ مع اسلام کا نظامِ احتساب

تصنیف : مولانا سید محمد متین ہاشمی

ناشر : مرکزِ تحقیق، دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری۔ نسبت روڈ۔ لاہور

ملنے کا پتہ : کتب خانہ شانِ اسلام۔ اردو بازار۔ لاہور

صفحات : ۹۶۔ قیمت چھ روپے

مولانا سید محمد متین صاحب ہاشمی (ایم۔ اے، ریسرچ ایڈوائزر دیال سنگھ لائبریری) کی ذات کسی تعا[رف]
کی محتاج نہیں ہے۔ وہ مشہور عالم، مصنف اور محقق بزرگ ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ــــ اسلامی حدود اور ان کا فلسفہ ــــ
ان کی تازہ تصنیف ہے۔ یہ کتاب اگرچہ مختصر ہے تاہم بڑی مدلل ہے اور مسئلہ زیرِ بحث کے تمام اہم گوشوں [کا]
محیط ہے۔ اس میں اسلام کے نظام احتساب پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب کا یہ موضوع وقت کی صحیح آواز [ہے]
اس میں حدودِ شرعیہ کا فلسفہ، اجرائے حد میں احتیاط، شرعی حدود اور اس کی مصلحتیں، موجب حد اور غیر مو[جب]
حد سرقے، چوری کی قسمیں وغیرہ امور پر عمدہ انداز سے بحث کی گئی ہے۔ فاضل مصنف نے اختصار مگر جامعیت
کے ساتھ اس سلسلے کے تمام مسائل کو ہدفِ بحث ٹھہرایا ہے اور کتاب و سنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں [ا]
کو منقح کیا ہے۔ اس ضمن میں بعض لوگوں کی طرف سے جو اعتراضات وارد کیے جاتے ہیں، ان کے بھی تسلی بخش
جواب دیے ہیں۔ کتاب کے مندرجات سے اہلِ علم کو استفادہ کرنا چاہیے۔ ایک مسلمان کے لیے ان سے باخبر ہونا ضرو[ری]

اسلام میں ضابطۂ تجارت

تالیف : مولانا عبدالرحمٰن کیلانی

ناشر : مکتبۃ السلام، وسن پورہ۔ لاہور

صفحات : ۱۵۰۔ قیمت ۱۸/- روپے

یہ کتاب تجارت کے موضوع پر مشتمل ہے، اور دس ابواب کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ کتاب کے مشمولا[ت]

صرف قرآن مجید اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ ہیں۔ بیع مبرور، سود، بیمہ اور انعامی بونڈ وغیرہ اندوزی، کنٹرول اور بلیک مارکیٹ، اقسام تجارت، تجارت کے متعلق مسائل و احکام، تجارت کی پسندیدہ صورتیں، ناپ تول کے پیمانے، قرض، رہن اور دیوالیہ، عاریت و امانت، اموال تجارت اور زکوٰۃ، محل نصاب، زکوٰۃ کی وصولی کے متعلق احکام، مال زکوٰۃ کی تشخیص وغیرہ اہم مسائل کو فقط قرآن و حدیث کے نقطۂ نظر سے بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ لائق مصنف نے بڑی محنت سے مواد جمع کیا ہے اور بہتر اسلوب سے اس کو قارئین کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اس قسم کی کتابوں کی عام اشاعت ہونی چاہیے اور ہر پڑھے لکھے شخص کو ان سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

قائد اعظم دی وار

تصنیف : مسعود منوّر

ناشر : پاکستان پنجابی ادبی بورڈ۔ لاہور

ملنے کا پتہ : پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۶ دیال سنگھ مینشن، شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

صفحات : ۱۰۴ - قیمت سات روپے پچھتر پیسے

پنجابی ادبی بورڈ، لاہور کی مطبوعات میں زیر نظر کتاب — قائد اعظم دی وار — کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس میں قیام پاکستان کے بارے میں قائد اعظم کی تگ و تاز کو پنجابی نظم کے قالب میں ڈھالا گیا ہے۔ پنجاب کے لوگ، پنجابی شعر اور نظم کے ہمیشہ دلدادہ رہے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ یہ کتاب ان کے مزاج کے عین مطابق ہے۔ شاعر کا یہ کمال ہے کہ اس نے ماہ و سال کی ترتیب اور تسلسل کے ساتھ اس تحریک کے واقعات کو خوب صورت انداز میں اشعار کا جامہ پہنا دیا ہے۔

جو لوگ پنجابی شعر و ادب سے دلچسپی رکھتے ہیں، اس کے مطالعہ سے تمام واقعات تاریخ وار اُن کے سامنے آجائیں گے۔

"قائد اعظم دی وار" ظاہری خوبیوں سے بھی آراستہ ہے۔ یعنی کاغذ، کتابت، طباعت شاندار ہے۔

(م - ر - ب)